پاک اور ناپاک کپڑے ایک ساتھ بھگو دئیے تو کیا حکم ہے؟

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1308

تاریخ اجراء: 06جمادی الثانی1445ھ /20دسمبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

پاک اور ناپاک کپڑے ملا کر بالٹی میں بھگو دیئے، تو اس صورت میں سارے کپڑے پاک کئے جائیں گے یا اندازے سے سوچ کر جو پاک کپڑے تھے ان کو الگ کر لیا جائے، باقیوں کو پاک کر لیا جائے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پاک کپڑوں کو ناپاک کپڑوں کے ساتھ پانی میں ڈال دیا تو سب ناپاک ہو گئے، ایسا کرنا، جائز نہیں کیونکہ بلا ضرورتِ شرعی پاک چیز کو ناپاک کر دینا جائز نہیں۔ اب جب تمام کپڑے ناپاک ہو گئے تو سب کپڑوں کو پاک کرنا ہو گا اور بالٹی وغیرہ جس میں کپڑے بھگوئے تھے اس کو بھی پاک کرنا ہو گا کیونکہ ناپاک پانی سے وہ بھی اندر سے ناپاک ہو گئے۔

نیز یہاں تحری اور اندازہ لگا کر کپڑے الگ کرنا جائز نہیں کیونکہ سب کپڑے ناپاک ہو جانا معلوم ہے، ایسا نہیں ہے کہ بعض پاک اور بعض ناپاک ہوں۔

شیخ شریعت وطریقت امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی تحریر فرماتے ہیں: ”اگر بالٹی یا کپڑے دھونے کی مشین میں پاک کپڑوں کے ساتھ ایک بھی ناپاک کپڑا پانی کے اندر ڈال دیا تو سارے ہی کپڑے ناپاک ہو جائیں گے اور بِلاضَرورتِ شَرعِیَّہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ چُنانچِہ میرے آقا اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ امام اَحمد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فتاوٰی رضویہ (مُخَرَّجہ) جلد اوّل صَفْحَہ 792 پر فرماتے ہیں: ”بِلا ضرورت پاک شے کو ناپاک کرنا ناجائز و گناہ ہے۔“ جلد 4 (مُخَرَّجہ) صَفْحَہ 585 پر فرماتے ہیں: ”جسم ولباس بِلاضرورتِ شَرعِیَّہ ناپاک کرنا اور یہ حرام ہے۔“ ”اَلْبَحْرُ الرَّائِق“ میں ہے: پاک چیز کو ناپاک کرنا حرام ہے۔“ (البحرالرائق، ج ۱ ص ۱۷۰)

لہٰذا ضروری ہے کہ پاک وناپاک کپڑے جُدا جُدا دھوئیں۔ اگر ساتھ ہی دھونا ہے تو ناپاک کپڑے کا نَجاست والا حصّہ اِحتیاط کے ساتھ پہلے پاک کر لیجئے پھر بے شک دیگر مَیلے کپڑوں کے ہمراہ ایک ساتھ واشنگ مشین میں اس کو بھی دھولیجئے۔"(کپڑے پاک کرنے کا طریقہ مع نجاستوں کا بیان، صفحہ29-30، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net